سولانا مدظلہ کے لئے اسلام آباد تشریف لے گیا اور وہیں اُن سے تفصیلی دو گھنٹے ملاقات اور تبادلہ خیال کیا۔

جمعیۃ علماء پاکستان کے وفد کی دارالعلوم آمد: ۱۵؍دسمبر ۲۰۱۱ء کو جمعیۃ علماء پاکستان کے وفد جس میں مولانا ابوالخیر زبیر حیدرآباد مولانا اویس نورانی ابن مولانا شاہ احمد نورانی۔ قاری زوار بہادر وغیرہ دارالعلوم تشریف لائے۔ اور انہوں نے ایوان شریعت میں حضرت مولانا مدظلہ کے درس حدیث کے بعد طلباء سے مختصر تقاریر بھی فرمائیں۔

جامعہ فاروقیہ کے طلباء پر تشدد کی مذمت: گزشتہ دنوں وفاق المدارس العربیہ کے صدر' نامور معروف عالم دین بزرگ رہنما شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان مدظلہ کے جامعہ فاروقیہ کے طالب علموں پر ایک فرقے کے غنڈوں نے بے وجہ حملہ کیا اور کئی طلباء کو تشدد کے ذریعے زخمی کیا اور ایک بے گناہ معصوم طالب علم کو شہید بھی کردیا گیا۔ ان غنڈوں اور قاتلوں کو پولیس اور حکومت کی سرپرستی حاصل تھی۔ جامعہ دارالعلوم حقانیہ اس جارحانہ عمل کی بھرپور مذمت اور قاتلوں کو فی الفور گرفتاری کا مطالبہ کرتی ہے اور اس افسوسناک واقعے پر وفاق المدارس اور جامعہ فاروقیہ کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔

دارالعلوم کے رئیس دارالافتاء حضرت مولانا مفتی سیف اللہ صاحب کی علالت: دارالعلوم کے رئیس دارالافتاء حضرت مولانا مفتی سیف اللہ صاحب گزشتہ دنوں اچانک علیل ہوگئے۔ اور انہیں فوری طور پر پشاور کے LHR میں داخل کیا گیا ان پر فالج کا حملہ ہوا تھا۔ ہسپتال میں کچھ دن رہنے کے بعد حضرت مفتی صاحب کی حالت اب پہلے سے کافی بہتر ہے اور ان دنوں گھر پر صاحب فراش ہیں۔ قارئین الحق فضلاء حقانیہ سے ان کی صحت یابی کے لئے دعاؤں کی اپیل ہے۔

دارالعلوم کے ایک قدیم اور مخلص مہربان جناب واہ واہ خان آف تنگی کی وفات: دارالعلوم کے قدیم اور مخلص مہربان جناب واہ واہ خان آف تنگی گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد انتقال فرما گئے۔ مرحوم صوبہ خیبر پختونخوا کی معروف سماجی و فلاحی متمول شخصیت تھے۔ اور اپنے ایک فرزند کو دارالعلوم حقانیہ اور شرعی علوم وفنون کے لئے وقف کر رکھا تھا۔ ان کے بیٹے مولانا دلاور خان دارالعلوم حقانیہ کے فارغ التحصیل عالم دین اور سابقہ ناظم لائبریری رہے ہیں۔ جناب دلاور خان صاحب کافی عرصے سے تبلیغی جماعت کے ساتھ والد مرحوم کے ساتھ وابستہ ہیں۔ دارالعلوم میں جناب واہ واہ خان کے لئے دعائے مغفرت کی گئی

دارالعلوم کے مخلص ساتھی جناب حاجی دلاور خان صاحب کو صدمہ: دارالعلوم کے ایک اور قدیم مخلص' مہربان' رکن مجلس شوریٰ جناب حاجی دلاور خان صاحب کے جوانسال فرزند اور جناب طارق خان خٹک کے چھوٹے بھائی جناب فہیم خٹک گزشتہ دنوں ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کر گئے۔ مرحوم جوانسال تھے۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے نماز جنازہ پڑھایا۔ حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ادارہ ان تمام پسماندگان کے ساتھ دلی تعزیت کرتا ہے